# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Associations

سر کلر نمبر 65

16 اکتوبر 2019

## ویب سائٹ کا قیام

☆ جب ہم نے موجودہ ایسوسی ایشن کا چارج سنبھالا تھا تو ہمیں اسی وقت احساس ہو گیا تھا کہ ایسوسی ایشن کے حالات کسی پرانے زمانے کے دفتر جیسے ہیں اور اسکو موجود دور کے مطابق تبدیل کرنا پڑے گا تا کہ مکینوں کو زیادہ آسانی اور تیز رفتاری سے اپڈیٹس اور سروس دی جا سکے۔ لہٰذا سب سے پہلے اور سینر کا واٹس ایپ گروپ تشکیل دیا گیا جس میں آج ڈھائی سو سے زیادہ ممبر زر جسٹر ہو چکے ہیں۔ اس واٹس ایپ گروپ کا بنیادی مقصد اپنے مکینوں کو ایسوسی ایشن سے قریب کرنا تھا اور انکی ہر شکایت و تجویز کی فوری سنوائی تھا جو اس سے قبل ناپید تھا اور مکینوں کی رائے میں یہ موجودہ ایسوسی ایشن کی بہت زبردست کامیابی ہے۔ اس گروپ کی بدولت بہت سارے مکین ایک دوسرے کو جاننے لگے ہیں اور کسی بھی فوری اطلاع و خبر کو مکینوں تک پہنچنے مین سیکنڈ لگتے ہیں نہ کہ سر کلر بناؤ، چھپواؤ اور پھر بانٹو جب تک اس خبر کی اہمیت ہی ختم ہو جائے اوپر سے خرچہ بھی کرو۔

☆ اسکے بعد دوسرا کام نیوز لیٹر کا اجرا تھا جس میں کوشش کی گئی اسکو اتنا جاذب نظر بنایا جائے کہ قاری پڑھنے پر مجبور ہو جائے۔ اس میں کوشش کی جاتی رہی کہ ہر مواد ڈالا جائے جو مکینوں کی دلچسپی کا باعث ہو۔ اس نیوز لیٹر کو ہم نے اپنی سوسائٹی کی اپڈیٹ، قومی دنوں کی تقریبات اور اہم معلومات کو ایک جگہ یکجا کر کے رکھنے کے لئے بنایا اور جو بہت مقبول ہوا۔ وقت کے ساتھ اور آپ لوگوں کی رائے و مشورہ سے اس میں بہتری آتی چلی گئی۔ بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے اگر موقع ملا تو اسکو اور بہتر کرنے کی کوشش جاری رہے گی۔

☆ اب ہم تیسرا بڑا کام کرنے جا رہے ہیں وہ ہماری ویب سائٹ کا قیام ہے۔ اس ویب سائٹ کو ہمارے مکین جناب عزیز رضوی Z5/4 کی کمپنی Zicon Technology کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ اس ویب سائٹ میں ہر معلومات کو یکجا کیا جائے جو ہمارے مکین ممبرز کے لئے فائدہ مند ہو۔ اس ویب سائٹ میں اہم فون نمبرز کی ڈائریکٹری ترتیب دی گئی ہے، لائبریری میں موجود کتابوں کی لسٹ، آڈٹ رپورٹ، اکاؤنٹ کی رپورٹ، تمام جنرل باڈی اجلاس کی تفصیلات مع تصاویر، عید اور دیگر قومی دنوں کی تقریبات کی تصاویر اور اسکے علاوہ بہت کچھ شامل ہے۔ اس ویب سائٹ سے پہلے ہر چیز بکھری ہوئی تھی اور وقت پر اکھٹا کرنا نا ممکن تھا۔ کیونکہ اب ہماری ایسوسی ایشن با قائدہ رجسٹرڈ ہے لہٰذا کسی بھی ادارے میں اپنی ایسوسی ایشن کی پریزینٹیشن کے لئے ضروری ہے کہ اسکی ویب سائٹ ہو تا کہ اسکی اہمیت اجاگر ہو سکے۔

ان تمام کاوشوں کے پیچھے ایک بہت پروفیشنل لوگوں کی ٹیم موجود ہے جو انکے وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ امید ہے ممبرز ہماری کاوش کو سراہیں گے اور مثبت تجاویز سے اس میں مزید بہتری لانے میں رہنمائی کریں گے۔

اس ویب سائٹ کا ایڈریس ہے۔ www.opbrwa.com

شکریہ

حبیب الرحمن خان

جنرل سیکریٹری